19 تا 25 نومبر 2021 | شمارہ نمبر 47 | جلد نمبر 33

1989ء سے مسلسل اشاعت

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز وایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 70/-



**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Genlune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD Little Star Bleach Board

pindo deli paper products

Indah Kiat Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010 | Brands of the year Award 2010 | Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp

بزنس مین پینل





BMG

بزنس مین گروپ

کراچی و لاہور میں خدمت کے 12 سال

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر

APP
中華紙業
ZHONGHUA-PAPER

IBM™
ISO 9001:2015
CERTIFIED

# NINGBO GOLD

ISO 14064 SGS · PEFC · China Environment Friendly Enterprise · CQC ISO9001 · CQC ISO14001

## Coated Packaging Board

**Ningbo Gold is a premium coated packaging board with a triple coating on the top side, giving it an excellent smoothness and good printability.**

**Ningbo gold has high ink absorbency and super surface characteristics, which makes it ideal for all premium quality book covers, cards, shopping bags and a wide range pakaging application.**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road,
Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

pindo deli
paper producs

IBM
PAKISTAN




SELF ADHESIVE STICKER PAPER
INDONESIA

**Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general end use.**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road, Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ

**پبلشر حرا رؤف**
نے پرنٹ عبدالغفور، ٹارگیٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا

یہ شمارہ 24 رنگین اور 16 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

**رابطہ آفس**
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سنی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

**بانی: محمد رؤف**
ایڈیٹوریل بورڈ
پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

قیمت: 70 روپے
**چارجز**
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 010256027140112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960


# اسلم جیلانی اور باؤ بشیر کی نامزدگی پر تمام اعتراضات مسترد

## ایک اعتراض احمد تواب نے کیا تھا، دوسرا اعتراض نجم الرحمن، عاصم اقبال محمود احمد پائی اور دیگر نے کیا تھا

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کی جانب سے فیڈریشن کے انتخابات میں مینجنگ کمیٹی 2022 کے لیے محمد اسلم جیلانی اور جنرل باڈی کے لیے باؤ محمد بشیر کی نامزدگی کے خلاف اعتراضات سیکریٹری جنرل ایف پی سی سی آئی نے مسترد کر دیئے۔ تفصیلات کے مطابق ابتدائی ووٹرز لسٹ میں نمبر شمار 287 اور 288 پر درج مندرجہ بالا نمائندوں پر اعتراضات محمد احمد تواب (چیف ایگزیکٹو قادریہ بورڈ ملز شیخوپورہ اور نامزد نمائندہ شیخوپورہ چیمبر) نے داخل کیا تھا جس پر سیکریٹری جنرل نے اعتراض مسترد کرتے ہوئے کہا کہ مذکورہ بالا تمام نمائندوں کے کاغذات درست پائے گئے ہیں لہٰذا اعتراض مسترد کیا جاتا ہے۔ دوسرا اعتراض لاہور سے نجم الرحمن، شیخ محمد فاروق (حدیبیہ پیپر مارٹ) محمد حسن (حسنین پیپرز) عاصم اقبال (ڈائریکٹر ڈان کنورٹیک پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی) فائق علی اقبال (ڈان پیپر مارٹ)، بلال زاہد (زیڈ اے کارپوریشن) اور محمود احمد پائی (ایم ایم ٹریڈرز) نے مشترکہ طور پر رضوان شبیر کیانی ایڈووکیٹ کی معرفت دائر کئے تھے جو سیکریٹری جنرل نے یہ کہہ کر مسترد کر دیئے کہ اعتراض کنندہ کسی بھی ٹریڈ باڈی کی طرف سے فیڈریشن سے نامزد نہیں ہیں لہٰذا ان کے اعتراض پر غور نہیں ہوسکتا ہے۔ دریں اثنا ممتاز پیپر مرچنٹس نے پیپر مرچنٹس کی جانب سے ان اعتراضات کو ٹریڈ دشمنی قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ ایسے میں جب کہ بزنس مین پینل خود بھی انتخابات کے فوری انعقاد کے لیے قانونی جنگ لڑ رہا ہے اور انتخابات کرانے میں مخلص ہے فیڈریشن میں اپسما کو نمائندگی سے محروم کرانے کی کوشش قابل مذمت ہے اور متعلقہ فریق کو اس پر نظر ثانی کرنی چاہیئے۔

# اپسما کا فیڈریشن انتخابات میں انجم نثار کی قیادت پر اظہار اطمینان

## بزنس مین پینل کے امیدواروں کے اعزاز میں عشائیہ بھی دیا جائے گا

کراچی (پیپر بزنس نیوز) کراچی میں آل پاکستان پیپر مرچنٹس کی اعلیٰ قیادت کا ایک اجلاس یہاں 15 نومبر 2021 کو منعقد ہوا۔ چیئرمین بزنس مین پینل محمد سلیم بیکیا نے صدارت کی۔ اجلاس میں فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے انتخابات 2022 کے سلسلے میں حکمت عملی پر غور کیا گیا اور فیصلہ کیا گیا کہ آئندہ انتخابات میں انجم نثار کی سربراہی میں قائم بزنس مین پینل کی مکمل حمایت کی جائے گی اس سلسلے میں انجم نثار آئندہ ہفتے اپسما کے دفتر کا دورہ بھی کریں گے۔ اس کے علاوہ انٹرنیشنل بزنس منیجمنٹ کے تعاون سے آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کی جانب سے پینل کے امیدواروں کے اعزاز میں سالانہ شاندار عشائیہ کا بھی اہتمام کیا جائے گا اجلاس میں لاہور سے بزنس مین گروپ کے رہنما خامس سعید بٹ خصوصی طور پر شریک ہوئے جبکہ فیڈریشن میں اپسما کے نامزد رکن برائے مینیجنگ کمیٹی اسلم جیلانی، سابق وائس چیئرمین عابد نثار، سینئر وائس چیئرمین اپسما محمد انیس بھی اس موقع پر موجود تھے۔



## کنٹینر چارجز میں مسلسل اضافہ، زمینی راستوں سے تجارت بڑھانے پر غور

کراچی (پیپر بزنس نیوز) گزشتہ ایک سال کے دوران شپنگ چارجز بالخصوص کنٹینر کی قلت کے باعث بین الاقوامی سپلائی چین متاثر ہونے سے دنیا کی تجارت وصنعت پر جو منفی اثرات مرتب ہوئے ہیں اس کو دور کرنے کے لیے تجارتی حلقوں نے زمینی راستے سے بین الاقوامی تجارت میں اضافہ کر دیا ہے۔ اس مدت میں کنٹینر چارجز میں پانچ گنا سے زیادہ اضافہ ہو چکا ہے جس سے پیداواری لاگت میں بہت زیادہ اضافے کے علاوہ صنعتوں کو پیداوار میں مشکلات کا بھی سامنا ہے۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# ان لینڈ ریونیو کوڈ یکم جولائی 2022 سے نافذ ہوگا، شوکت ترین

اسلام آباد(نیوز ڈیسک) وزیراعظم کے مشیر برائے خزانہ و محصولات شوکت ترین نے جمعہ 12 نومبر 2021 کو ٹیکس گزاروں کو سہولت دینے کے لئے تمام ان لینڈ ٹیکس قوانین کو ہم آہنگ اور یکجا کرنے کے لئے ان لینڈ ریونیو کوڈ کو وضع کرنے کا باضابطہ افتتاح کر دیا، مشیر خزانہ نے چیئرمین ایف بی آر کو اہم مسودہ قانون کی تیاری کے سلسلے میں اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کے عمل اور اس کے بعد کے معاملات کی خود نگرانی کرنے کی ذمہ داری سونپ دی، ان لینڈ ریونیو کوڈ کو یکم جولائی 2022 سے نافذ کر دیا جائے گا۔ ایف بی آر کے ترجمان نے بتایا کہ ان لینڈ ریونیو کوڈ کو وضع کرنے سے تجارتی آسانی کو فروغ ملے گا اور بہت سے قوانین اور ضوابط کی وجہ سے ٹیکس نظام کی پیچیدگیوں سے چھٹکارا ملے گا۔ ایف بی آر کے تحت مقامی سطح پر چار بڑے ٹیکس قوانین کا نفاذ اور عمل درآمد ہو رہا ہے جن میں انکم ٹیکس آرڈیننس 2001، سیلز ٹیکس ایکٹ 1990، فیڈرل ایکسائز ایکٹ 2005 اور اسلام آباد حدود (خدمات پر سیلز ٹیکس) آرڈیننس 2001 شامل ہیں جن پر عمل درآمد کے لئے مفصل رولز بھی بنائے گئے ہیں جن میں انکم ٹیکس رولز 2002، سیلز ٹیکس رولز 2006، فیڈرل ایکسائز رولز 2005 اور اسلام آباد حدود (خدمات پر سیلز ٹیکس) رولز 2001 شامل ہیں۔ اس طرح ٹیکس گزار کو آٹھ قانون کی کتابوں سے راہ نمائی لے کر اپنی ٹیکس ادائیگی کو پورا کرنا پڑتا ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ ٹیکس قوانین کو ہم آہنگ اور سادہ بنانے کی ضرورت تھی جس کا عالمی بینک، آئی ایم ایف، ایشیائی ترقیاتی بینک اور دوسرے امدادی ادارے بھی مطالبہ کر رہے تھے۔ سول سوسائٹی، وکلاء اور اعلیٰ عدالتوں کی طرف سے بھی قوانین کی پیچیدگی کو قوانین پر عمل درآمد نہ ہونے کی وجہ قرار دی جاتی رہی ہے۔ پچھلی حکومتوں نے اس اقدام کو اٹھانے کا چیلنج نہ لیا۔ اس حقیقت کو مدنظر رکھتے ہوئے پی ٹی آئی حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ ان چار قوانین کو یکجا کر کے قانون کی ایک کتاب بنا دی جائے جس کے لئے صرف رولز کی ایک ہی کتاب ہوگی۔ اسی پس منظر کے پیش نظر ایشیائی ترقیاتی بینک کے اشتراک سے ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے جس میں سرکاری شعبہ کے ممتاز ماہرین اور آئی سی اے پی سے قانونی ماہرین کو شامل کیا گیا ہے جو مسودہ قانون کی تیاری کی نگرانی اور نظر ثانی کریں گے تاکہ معیار اور درستگی کو یقینی بنایا جا سکے۔ یہ کمیٹی ان لینڈ ریونیو کوڈ کی ڈرافٹنگ کی نگرانی کرے گی اور اس حوالے سے تمام قوانین کی جانچ پڑتال مارچ 2022 تک مکمل کر لے گی۔ جس کے بعد تمام سٹیک ہولڈرز بشمول چیمبرز آف کامرس، تجارتی تنظیمیں، ٹیکس وکلاء اور فیلڈ دفاتر کی اپریل مئی 2022 تک مشاورت کے بعد بجٹ سیشن 2022 کے لئے پارلیمنٹ میں پیش کر دی جائے گی۔

## صدر ایف پی سی سی آئی کے ایکسچینج ریٹ کے غیر مستحکم ہونے پر شدید تحفظات

کراچی (نیوز ڈیسک) میاں ناصر حیات مگوں صدر ایف پی سی سی آئی نے ایکسچینج ریٹ کے مسلسل غیر مستحکم ہونے پر شدید تحفظات کا اظہار کیا ہے جس سے خام مال اور اجناس کے درآمد کنندگان کو بھاری نقصان ہو رہا ہے اور مہنگائی میں روز بروز ہوش ربا اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شرح مبادلہ کو غیر مستحکم رکھ کر کسی بھی ملک کی برآمدات پر مبنی صنعتوں کو تباہ کرنا تباہی کا نسخہ ہے۔ میاں ناصر حیات مگوں نے مزید کہا کہ ایف پی سی سی آئی گہری تشویش کے ساتھ ایکسچینج ریٹ میں غیر معمولی اتار چڑھاؤ کے تناظر میں پاکستان کی کاروباری، صنعتی اور تاجر برادری کی سپورٹ نہ کرنے پر حکومت اور اسٹیٹ بینک کی عدم فعالیت کا مسلسل مشاہدہ کر رہا ہے۔ ایف پی سی سی آئی کے نائب صدر ناصر خان نے کہا کہ اشیائے خورد و نوش میں افراط زر کی موجودہ لہر ایکسچینج ریٹ کے اتار چڑھاؤ سے نااہلی کے ساتھ نمٹنے کا براہ راست نتیجہ ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ اب بھی وقت ہے کہ حکومت جاگ جائے اور وزیراعظم پاکستان خود روزانہ کی بنیاد پر صورتحال کی نگرانی کریں۔ میاں ناصر حیات مگوں نے بطور صدر ایف پی سی سی آئی نے اب تک ہونے والے نقصانات کو کم کرنے کے لیے ایکسچینج ریٹ کے استحکام کے لیے اپنے تعاون اور مشاورت کی پیشکش کی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت کو برآمدی صنعتوں کے تحفظ کے لیے ایک پروفیشنل میکانزم وضع کرنے کی ضرورت ہے، مزید برآں، آئی ایم ایف پروگرام سے متعلقہ غیر یقینی صورتحال کا خاتمہ، مطلوبہ اہلیت اور دیانتداری کے ساتھ اسٹیٹ بینک کو فعال کردار ادا کرنے، جہاں قابل اطلاق ہو بارٹر تجارت کو فروغ دینے اور غیر روایتی درآمدی منڈیوں اور خطوں کی تلاش میں سہولت فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔

## تمام اقسام کے مقامی کاغذ کی قیمتوں میں 5 روپے کلو کا اضافہ

شیخوپورہ (پیپر بزنس نیوز) باخبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ 16 نومبر 2021 کو شیخوپورہ میں مقامی پیپر ملز کے نمائندوں کا اجلاس ہوا جس میں بڑی تعداد میں نمائندے شریک ہوئے اور فیصلہ کیا گیا کہ تمام اقسام کے پیپرز کا ریٹ 17 نومبر 2021 بروز بدھ سے 5 روپے فی کلو کا اضافہ ہوگا۔ آئندہ اجلاس 29 نومبر 2021 بروز پیر کو گرینڈ سلطان ہوٹل شیخوپورہ میں منعقد ہوگا جس میں دوبارہ نئی قیمتوں کا جائزہ لیا جائے گا۔

## صدر نے محتسب کے فیصلوں کیخلاف دو بنکوں کی اپیلیں مسترد کر دیں

اسلام آباد(نیوز ڈیسک) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے بینکنگ محتسب کے دو مختلف فیصلوں کے خلاف متعلقہ بنکوں کی اپیلیں مسترد کرتے ہوئے متاثرین کو 1 کروڑ 40 لاکھ روپے کی رقم لوٹانے کا حکم برقرار رکھا ہے۔ بینکنگ محتسب نے متاثرین کی اپیل پر البرکہ بینک کو 90 لاکھ روپے اور حبیب بینک کو 50 لاکھ کی رقم لوٹانے کا فیصلہ دیا تھا۔ جمعہ 12 نومبر 2021 کو ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری ایک پریس ریلیز کے مطابق صدر مملکت نے اس بات پر افسوس کا اظہار کیا کہ فراڈ کے متاثرین بشمول ایک اوورسیز پاکستانی کو بینکوں کی انتظامیہ کے ہاتھوں بڑا نقصان اٹھانا پڑا اور انہیں کوئی ریلیف فراہم نہیں کیا گیا۔ انہوں نے عوام پر زور دیا کہ وہ بینکنگ محتسب کی خدمات سے استفادہ کریں تاکہ فراڈ کے معاملات کے ساتھ ساتھ بینک کے اہلکاروں/افسروں کی بدانتظامی کے خلاف ریلیف حاصل کیا جا سکے۔ شکایت کنندگان میں مسز زاہدہ نسیم مسز زاہدہ نسیم اور ہالینڈ میں مقیم ایک اوورسیز پاکستانی مشتاق احمد باجوہ شامل ہیں، عارف علوی نے محتسب کے دونوں فیصلوں کو اس بنیاد پر برقرار رکھا کہ بینکوں کو شکایت کنندگان کے دعوے مسترد کرنے کا باقاعدہ موقع دیا گیا، مگر بینک اپنی ذمہ داری پوری کرنے میں ناکام رہے، صدر مملکت نے اپنے حکم نامے میں قرار دیا کہ بینکوں نے بینکنگ محتسب کا فیصلہ مسترد کرنے کا کوئی مناسب جواز فراہم نہیں کیا، اس لئے ان کی اپیل مسترد کی جاتی ہے۔

## گلفام یوسف کی والدہ انتقال کر گئیں

کراچی (پیپر بزنس نیوز) اپیما کی رکن فرم میسرز گلفام برادرز کے پروپرائیٹر، آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے سابق رکن سینٹرل کمیٹی گلفام یوسف کی والدہ، کراچی پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے سابق خازن حاجی محمد یوسف مرحوم کی اہلیہ 14 نومبر 2021 کو رضائے الٰہی سے انتقال کر گئیں۔ دریں اثناء چیئرمین بزنس مین پینل محمد سلیم بیکیا، سینئر وائس چیئرمین اپیما محمد انیس، صدر سید شاہنواز علی و دیگر عہدیداران و اراکین ایگزیکٹو کمیٹی سینٹرل و سدرن زون نے مرحومہ کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road,
Paper Market, Karachi.

Phone : 021-32216671, 2212081, 2601020

aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

APP
USE OUR PAPER, WE PLANT MORE TREES.


Our Quest Superiority has Made us
Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE
LINE OF PROFESSSIONALISM

IK Signature

**Premium Performance Paper.**

Engineered from the best pulp selection with high thickness & stiffness, whiteness, high smoothness, and brightness, IK Signature is a developed masterpiece for all your printing purposes.

With new TRUTONE Technology, IK Signature is the ultimate choice for its high performance and print quality, to make the best of your professional portfolios.




HIGH THICKNESS & STIFFNESS
premium feel for important documents

HIGH SMOOTHNESS
for truly jam-free performance

A4
21x29.7 cm
500 SHEETS
80
GSM

TRUTONE
TECHNOLOGY

پاکستان میں دستیاب
تمام برانڈز میں نمبر 1

IBM™

ISO 9001: 2015 Certified Quality Management System

**International Business Management**

First ISO 9001:2015 Certified Paper Indenting Company in Pakistan
First Floor,Darul Hina Building Tayabjee Road ,
Near Burhani Hospital, Karachi -74000,UAN: 111-IBM-PAK
Ph # 92-21-32627061-63,Fax # 92-21-32629786
E-mail: saleemibn@cyber.net.pk | website : www.ibmpakistan.com

Winner of BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011 - 2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

APP




IBM



# AQNA
## Brands
## Products of PINDO DELI



ہم ساہو تو سامنے آئے

# SELF ADHESIVE STICKER PAPER
## 100% Cast Coated, Mirror Coat
## Acrylic Glue with water Base
## Quality Similar to Lintec

FOR BOOKING PLEASE CONTACT

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM
ISO 9001:2015 CERTIFIED
International Business Management

HEAD OFFICE: First Floor, Darul Hina Building, Tayabje Road, Karachi-74000.
UAN : 111-IBM PAK
Tel : +92-2132627061-63
Fax : +92-2132629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com
Web : ibmpakistan.com

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2010
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# ٹیکس قوانین کو سادہ بنانے کے اقدام کا افتتاح، اعلیٰ سطح ماہرین کی کمیٹی تشکیل

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) مشیر امور خزانہ و ریونیو شوکت ترین نے ٹیکس قوانین کو سادہ بنانے کے اقدام کا افتتاح کر دیا، شوکت ترین نے اپنے ویژن کی تکمیل میں ٹیکس گزاروں کو سہولت دینے کیلئے تمام ان لینڈ ٹیکس قوانین کو ہم آہنگ اور یکجا کرنے کیلئے ان لینڈ ریونیو کو چار ٹیکس قوانین کو یکجا کر کے ایک کتاب وضع کرنے کا باضابطہ افتتاح کیا ہے۔قوانین کو سادہ اور آسان بنانے کیلئے ممتاز ماہرین ٹیکس اور قانونی ماہرین پر مشتمل کمیٹی تشکیل دے دی گئی، جو مسودہ قانون کی تیاری کی مسلسل نگرانی اور نظر ثانی کریں گے تاکہ معیار اور درستگی کو یقینی بنایا جا سکے۔ یہ کمیٹی ان لینڈ ریونیو کوڈ کی ڈرافٹنگ کی نگرانی کرے گی اور اس حوالے سے تمام قوانین کی جانچ پڑتال مارچ 2022 تک مکمل کرلے گی۔

## غیر ملکی زائرین کو عمرہ ادائیگی کے لیے ایپس سے اجازت نامہ جاری ہوگا

مکہ مکرمہ (انٹرنیشنل ڈیسک) بیرون ملک سے آنے والے زائرین کو مسجد حرام اور مسجد نبوی میں عمرہ اور نماز ادا کرنے کے لئے ایپس کے ذریعے اجازت نامہ جاری ہوگا۔ سعودی عرب کی وزارت حج عمرہ نے سعودی اتھارٹی فار ڈیٹا اینڈ آرٹیفیشل انٹیلی جنس سدایہ کے تعاون سے ایک نئی سروس متعارف کرائی ہے جس میں مملکت سے باہر سے آنے والے زائرین کو مسجد حرام اور مسجد نبوی میں عمرہ اور نماز ادا کرنے کے لئے ایپس کے ذریعے اجازت نامہ جاری کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ایک بیان میں وزارت حج نے کہا کہ یہ سروس قدوم پلیٹ فارم پر جسٹر ہونے اور مملکت میں پہنچنے کے بعد اعتمرنا اور توکلنا کی ایپس پر موثر ہوگی۔

## جناح انٹرنیشنل ایئر پورٹ پر وفاقی ٹیکس محتسب کاؤنٹر کا افتتاح

کراچی (بزنس ڈیسک) شہر قائد کے جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر وفاقی ٹیکس محتسب کاؤنٹر کا افتتاح کردیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ایئرپورٹ پر کاؤنٹر کا مقصد بیرون ملک سے آنے والے ٹیکس دہندگان کو سہولت فراہم کرنا ہے، وفاقی ٹیکس محتسب ڈاکٹر آصف محمود جاہ نے کاؤنٹر کا افتتاح کیا۔ کاؤنٹر کا مقصد بیرون ملک سے آنے والے ٹیکس دہندگان کو سہولت فراہم کرنا، ادارے کے ہاتھوں کسی بھی متاثرہ شخص کے ساتھ ہونے والی ناانصافی کی شکایت کو فوری اور بلا معاوضہ دور کرنا بھی ہے۔

## اوور لوڈڈ ٹرانسپورٹ قومی شاہراہوں کو تباہ، حکومت غفلت میں پڑی ہے' گڈز ٹرانسپورٹرز

لاہور (نیوز ڈیسک) آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اونرز ایسوسی ایشن کے مرکزی رہنما محمد اویس چوہدری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ اوور لوڈ ٹرک اربوں روپے سے بننے والی شاہراہوں کو تباہ کر رہے ہیں جبکہ حکومت غفلت میں پڑی ہوئی ہے، حکومت قوم سے جھوٹ بول رہی ہے ملک میں کہیں بھی قانون کی بالادستی قائم نہیں ہوئی بلکہ ہر طرف لاقانونیت کا راج ہے، ایکسل لوڈ لمٹ قانون پر عملدرآمد نہ کرا کے حکومت نے عدالتی احکامات کی توہین کی ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اونرز ایسوسی کے رہنماؤں محمد اظہر قادری، حاجی الیاس بابر، حاجی ناظم الدین بردی، حاجی محمد اظہر سراج و دیگر سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پوری دنیا میں ایکسل لوڈ لمٹ کے قانون پر سختی کے ساتھ عملدرآمد کروایا جاتا ہے جبکہ ہمارے ہاں عدالتی احکامات کے باوجود حکومت اس قانون پر عملدرآمد کے لئے کوئی اقدامات نہیں کر رہی۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کے دور حکومت میں اسلام آباد ہائیکورٹ نے ملکی مفاد میں اربوں روپے سے تعمیر ہونے والی قومی شاہراہوں کو اوور لوڈنگ کے ناسور سے تباہ برباد ہونے اور خطرناک حادثات میں قیمتی انسانی جانوں کو موت کے منہ میں جانے سے بچانے کی خاطر اوور لوڈنگ کے خاتمے اور ایکسل لوڈ لمٹ قانون پر سختی کے ساتھ مکمل عملدرآمد کروانے کا آرڈر جاری کیا مگر حکومت نے عدالتی احکامات پر عمل نہیں کیا۔ آج بھی اوور لوڈ ٹرک ٹرالر قانون کو روندتے ہوئے قومی شاہراہوں کو تباہ برباد کرتے ہوئے انسانی جانوں کو لقمہ اجل بنا رہے ہیں۔

## پاک چین آن لائن تجارتی فروغ کیلئے نئے پلیٹ فارم کا آغاز

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) پاک چین آن لائن تجارت کو فروغ دینے کے لیے نئے پلیٹ فارم کا آغاز ہوگیا جو کہ چین اور پاکستان کے درمیان اقتصادی تبادلوں کو فروغ دے گا۔ چائنا پاکستان ٹریڈ آن لائن کے پرسن انچارج اور پاکستان میں سچوان چیمبر آف کامرس کی سائنس وٹیکنالوجی کمیٹی کے ڈائریکٹر چینگ کائی نے کہا کہ رواں سال پاک چین آن لائن تجارت کے لیے ایک پلیٹ فارم چائنا پاکستان ٹریڈ آن لائن (CPTO) کا آغاز کیا گیا تاہم بہت سے تاجروں نے ابھی تک اپنی مصنوعات ویب سائٹ پر نہیں ڈالی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اب ہمارا چیمبر آف کامرس ممبر کمپنیوں کے تعارف اور ان کی مصنوعات کی معلومات ویب سائٹ پر ڈالنے میں مدد کرنے میں مصروف ہے، چینی اور پاکستانی کاروباری اداروں کے درمیان باہمی اعتماد کی کمی ہے، دونوں ممالک کے پاس دوسرے ملک کی مصنوعات کی محدود معلومات ہیں، زیادہ تر پاکستانی کمپنیاں ای میلز کے ذریعے اپنا کاروبار بڑھاتی ہیں اور معلومات کو آن لائن منظم اور شائع نہیں کرتیں۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# آئی ایم ایف کے 5 میں سے 3 مطالبات پورے کردیئے، مشیر خزانہ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) مشیر خزانہ شوکت ترین نے کہا ہے کہ پاکستان نے آئی ایم ایف کے 5 میں سے 3 مطالبات پورے کردیئے ہیں، ٹیکس استثنیٰ کا خاتمہ اور اسٹیٹ بینک کی خودمختاری کے بل تیار کرلیئے، کرنسی ریٹ اور مانیٹری پالیسی اسٹیٹ بینک کا دائرہ کار ہے، آئی ایم ایف کے ساتھ ڈیل جلد ہو جائے گی۔ آئندہ 4 سال میں حکومت 1400 ارب روپے کامیاب پاکستان پروگرام پر خرچ کرے گی، حکومتی اقدامات کے نتیجہ میں رواں سال اقتصادی اہداف حاصل کریں گے۔ پائیدار ترقی ہمارا ہدف ہے۔ منگل 16 نومبر کو یہاں تقریب سے خطاب اور میڈیا سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے شوکت ترین کا کہنا تھا کہ اس سال شرح نمو 5 فیصد سے زیادہ رہے گی، حکومت غریبوں کیلئے وہ کررہی ہے جو ضروری تھا، شوکت ترین نے کہا کہ آئی ایم ایف نے ڈیل سے پہلے 5 پیشگی اقدامات کا مطالبہ کردیا جن میں ٹیکس چھوٹ کا خاتمہ، اسٹیٹ بینک کی خودمختاری شامل ہیں۔

## شرح سود کا تعین کرنے کیلئے اجلاس ایک ہفتہ قبل کرنے کا فیصلہ

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) شرح سود کے تعین کے لیے مانیٹری پالیسی کمیٹی کا اجلاس ایک ہفتہ قبل 29 نومبر کو منعقد ہوگا۔ اسٹیٹ بینک کے اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ مانیٹری پالیسی کمیٹی کا 26 نومبر کو ہونے والا اجلاس اب 19 نومبر کو منعقد کیا جائے گا، اجلاس کے جلد انعقاد سے مارکیٹ میں مانیٹری سیٹنگز سے متعلق بے یقینی کم کرنے میں مدد ملے گی۔ اسٹیٹ بینک نے کہا ہے کہ مانیٹری پالیسی کمیٹی کے قبل از وقت اجلاس کا فیصلہ ان تبدیل شدہ عوامل کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا گیا ہے جن کے اثرات افراط زر اور ادائیگیوں کے توازن کے اندازوں پر مرتب ہو رہے ہیں۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق یہ اجلاس مانیٹری پالیسی کے بارے میں پائی جانے والی بے یقینی کو کم کرنے میں مدد دے گا، کمیٹی معاشی منظرنامے پر رونما ہونے والی تبدیلیوں کو مدنظر رکھتے ہوئے مانیٹری پالیسی کا فیصلہ کرے گی جو پریس اعلامیے کے ذریعے جاری کیا جائے گا۔

## ملکی درآمدات پر مال برداری کے اخراجات کے میں ساڑھے بارہ فیصد اضافہ

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) ملکی درآمدات پر مال برداری کے اخراجات کے حجم میں جاری مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 56.12 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ اسٹیٹ بینک کی جانب سے اس حوالہ سے جاری کردہ اعدادوشمار کے مطابق جاری مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں ملکی درآمدات پر مال برداری کے اخراجات کا حجم 442.096 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 56 فیصد زیادہ ہے، گزشتہ مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں ملکی درآمدات پر مال برداری کے اخراجات کا حجم 283.16 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا۔ ستمبر کے مہینہ میں ملکی درآمدات پر مال برداری کے اخراجات کا حجم 157.96 ملین ڈالر رہا جو گزشتہ سال ستمبر میں 99.59 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا۔ مالی سال 2021 میں ملکی درآمدات پر مال برداری کے اخراجات کا مجموعی حجم 1.408 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا۔

## ہنڈائی نے کاروں کی قیمتوں میں دو لاکھ روپے تک اضافہ کردیا

لاہور (نیوز ڈیسک) ہنڈائی نے اپنی کاروں کی قیمتوں میں اضافہ کردیا۔ ہنڈائی نے اپنے سوناٹا، ایلانٹرا اور ٹکسن ماڈلز کی قیمتوں میں میں کم از کم ایک لاکھ روپے اور زیادہ سے زیادہ دو لاکھ روپے کا اضافہ کیا ہے۔ کمپنی کے نوٹیفکیشن کے مطابق نئی قیمتیں یکم دسمبر اور اس کے بعد کی گئی تمام بکنگ پر لاگو ہوں گی۔ کاروں کی نئی قیمتیں تمام جزوی ادائیگی کے آرڈرز پر اور ان صارفین پر نہیں ہوگی جن کی ڈیلیوری دسمبر تک ہونی ہے۔ ہنڈائی سوناٹا 2.0 ایل کی قیمت میں ایک لاکھ روپے کا اضافہ کیا گیا ہے اور اس کی قیمت 63 ہزار 99 ہزار روپے کی پرانی قیمت کے مقابلے میں 64 لاکھ 9 9 ہزار روپے ہوگئی ہے۔ سوناٹا 2.5 ایل کی قیمت میں 2 لاکھ روپے کا اضافہ ہوا اور یہ 70 لاکھ 90 ہزار روپے سے بڑھ کر 72 لاکھ 90 ہزار روپے میں دستیاب ہوگا۔ ٹکسن جی ایل ایس سپورٹس اب 2 لاکھ روپے کے اضافے کے بعد 51 لاکھ 70 ہزار روپے میں فروخت ہوگی۔ ٹکسن الٹی میٹ کی قیمت میں 2 لاکھ روپے کا اضافہ ہوا ہے، اس کی نئی قیمت 56 لاکھ 60 ہزار روپے ہوگئی۔ ہنڈائی ایلانٹرا 2.0 ایل میں ایک لاکھ روپے کا اضافہ دیکھا گیا ہے اور اب اس کی قیمت 39 لاکھ 90 ہزار روپے ہوگی۔

## صدر میں کوآپریٹو مارکیٹ میں آگ، 5 ارب روپے سے زائد کا نقصان

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر کوآپریٹو مارکیٹ میں اتوار 14 نومبر 2021 کو لگنے والی خوفناک آگ نتیجے میں تاجروں نے دعویٰ کیا ہے کہ مارکیٹ میں جلنے والی دکانوں کی تعداد 500 تک پہنچ گئی تھی، گودام بھی جلے ہیں، مارکیٹ 90 فیصد جل چکی ہے جس میں پانچ ارب روپے سے زائد کا نقصان ہوا ہے۔


☆ مشتہرین توجہ فرمائیں ☆

ہم اپنے کرم فرماؤں بالخصوص مشتہرین سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ اپنی ادائیگیاں بذریعہ کراس چیک بنام "پیپر بزنس" کرنے کی کوشش کریں۔ نقد ادائیگی کی صورت میں وصولی "رسید" لازمی حاصل کریں۔ رسید نہ ملنے کی صورت میں دفتر پیپر بزنس کے اس فون نمبر پر مطلع کریں۔ (ادارہ)

0308-2933229


## پوائنٹ آف سیل پر ایف بی آر کا فوکس ہے، چیف کمشنر آر ٹی او ملتان

ملتان (نیوز ڈیسک) چیف کمشنر ریجنل ٹیکس آفس ملتان عابد رضا بودلہ نے کہا کہ قانون سے آگاہی حاصل کرکے ٹیکس گزار بہت سی مشکلات سے بچ سکتا ہے۔ ان باتوں کا اظہار انہوں نے ایوان تجارت وصنعت ملتان میں منعقدہ کھلی کچہری خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایف بی آر نے ٹیکس گزار سے رابطوں کو آسان بنادیا ہے۔ ٹیکس نادہندگان سے بینک اکاؤنٹ منجمد کرکے ریکوری کرنا انتہائی اقدام ہے۔ اس ضمن میں ٹیکس گزار کو بھی خیال رکھنا چاہیے کہ وہ اپنے ٹیکس معاملات کو اس نہج پر نہ لے جائیں۔ عابد رضا بودلہ نے کہا کہ پوائنٹ آف سیل پر ایف بی آر کا فوکس ہے۔ کاروباری افراد بھی اس سسٹم کو چلانے میں مدد کریں۔ کھلی کچہری میں ایوان تجارت وصنعت ملتان کے صدر خواجہ محمد حسین نے کہا کہ کھلی کچہری میں غیر رجسٹرڈ فرد سے مال کی واپسی اور ناقص کارکردگی کے بارے میں نشاندہی کی۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# مقامی و درآمدی آفسیٹ، اسٹیکر، بریف کارڈ اور مقامی ڈپلیکس بورڈ کی قیمتوں میں اضافہ، بلیچ بورڈ میں کمی

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے بھی تیزی کا رجحان دیکھنے میں آیا اور 17 نومبر 2021 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں بریف کارڈ، کلر بریف، مقامی ڈپلیکس بورڈ کلاسک، درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے اور ریل کٹ، مقامی آفسیٹ پیپر چناب، اسٹیکر پیپر جی ایس ایف، پاور ٹیک، نیکسز پرو اور لیبل ٹیک کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ جبکہ بلیچ بورڈ پنڈوڈیلی میں کمی دیکھی گئی۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو ردو بدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ ہے کہ بریف کارڈ انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 275 روپے سے بڑھ کر 300 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ کلر بریف کارڈ جنگ کار برانڈ پنڈوڈیلی 22x28 سائز 120، 150 اور 180 گرام، 275 روپے سے بڑھ کر 295 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ کلاسک تمام سائز 250 تا 300 گرام، 132 روپے سے بڑھ کر 137 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ پنڈوڈیلی تمام سائز تمام گرام، 288 روپے سے کم ہو کر 286 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آفسیٹ پیپر آئی کی 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 252 روپے سے بڑھ کر 254 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آئی کے 035 مشین/ ریل کٹ 245 روپے سے بڑھ کر 247 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر چناب تمام سائز 53 گرام، 111 روپے سے بڑھ کر 112 روپے، تمام سائز 63 گرام، 114 روپے سے بڑھ کر 118 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک GSF انڈونیشیا، 20x30 سائز، 2675 روپے سے بڑھ کر 2725 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر پاور ٹیک چائنا، 20x30 سائز، 2625 روپے سے بڑھ کر 2675 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر نیکسز پرو چائنا 20x30 سائز، 2650 روپے سے بڑھ کر 2725 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز، 2675 روپے سے بڑھ کر 2725 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔


توجہ فرمائیے

پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور اشتہارات کی بکنگ کیلئے ابھی رابطہ کریں۔

0308-2933229


# کرنسی مارکیٹ میں روپے کے مقابلے ڈالر کی قدر میں کمی

کراچی (بزنس ڈیسک) انٹر بینک اور مقامی اوپن کرنسی مارکیٹ میں بدھ 17 نومبر 2021 کو روپے کے مقابلے ڈالر کی قدر مزید گھٹ گئی اور 173.75 روپے پر بند ہوا۔ اس سے قبل منگل 16 نومبر کو انٹر بینک میں ڈالر 175 روپے سے کم ہو کر 174 روپے اور اوپن مارکیٹ میں ڈالر 176 روپے سے کم ہو کر 175 روپے کا ہوگیا تھا۔ فاریکس ایسوسی ایشن آف پاکستان کی رپورٹ کے مطابق منگل 16 نومبر کو انٹر بینک میں روپے کے مقابلے ڈالر کی قدر میں 1.20 روپے کی کمی واقع ہوئی جس سے ڈالر کی قیمت خرید 175 روپے سے کم ہو کر 173.90 روپے اور قیمت فروخت 175.20 روپے سے کم ہو کر 174 روپے پر آ گئی اسی طرح مقامی اوپن کرنسی مارکیٹ میں ڈالر کی قدر میں 90 پیسے کی کمی واقع ہوئی جس سے ڈالر کی قیمت خرید 176.20 روپے سے کم ہو کر 175.30 روپے اور قیمت فروخت 176.70 روپے سے کم ہو کر 175.80 روپے ہوگئی۔ فاریکس رپورٹ کے مطابق یورو کی قدر میں 2 روپے کی کمی ریکارڈ کی گئی جس سے یورو کی قیمت خرید 199.50 روپے سے کم ہو کر 197.50 روپے اور قیمت فروخت 201.50 روپے سے کم ہو کر 199.50 روپے پر آ گئی اسی طرح 1 روپے کی کمی سے برطانوی پونڈ کی قیمت خرید 233.50 روپے سے کم ہو کر 234 روپے اور قیمت فروخت 237.50 روپے سے کم ہو کر 236.50 روپے ہوگئی۔

# 30 لاکھ فائلر حکومتی پارٹنر ہیں، ان مدد کی جائے، اسٹینڈنگ کمیٹی لاہور

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) لاہور چیمبر آف کامرس کی سٹینڈنگ کمیٹی کیمیکل امپورٹر زاینڈ ٹریڈرز کے چیئرمین راؤ خورشید علی نے کہا ہے کہ بہت سے ایسے شعبے ہیں جو ابھی تک کورونا کی وجہ سے مرتب ہونے والے اثرات سے باہر نہیں نکل سکے، حکومت ایسے شعبوں کو ٹیکسز اور ڈیوٹیز میں ریلیف دے اور کاروبار کو استحکام دینے کے لئے الگ سے بلا سود قرض کی سکیم لائی جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے چیئرمین منتخب ہونے پر مبارکباد دینے کے لئے آنے والے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ 30 لاکھ فائلرز حکومت کے پارٹنر ہیں اور حکومت کی ذمہ داری بنتی ہے کہ اپنے پارٹنرز کی مدد کرے۔ انہوں نے کہا کہ لاہور چیمبر کے صدر میاں نعمان کبیر، سینئر نائب صدر رحمان عزیز چن اور نائب صدر حارث عتیق تاجروں کے مسائل کے حل کیلئے دن رات کوشاں ہیں، مختلف سٹینڈنگ کمیٹیوں کو فعال کیا گیا ہے تاکہ کاروباری برادری کے مسائل جلد سے جلد حل ہو سکیں۔


AA SERVICES

Nasrullah
0332-3274302
M. Maaz Khan
0349-5115915

Color Copy Paper A4 & Legal Size

Color Fancy Paper and Card in Reels & Sheets

Ismail Center, Shop#5, Tayyabji Road, Opp. Burhani Hospital, Off. Shahrah-e-Liaqauat, Karachi.





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# کاروباری مواقع
# TENDERS

## پی آئی اے کے پیپر و کارڈ کے ٹینڈرز

ٹینڈر حوالہ نمبر:PR-21010040

بلیچ کارڈ وائٹ، سائز 400,22x28 گرام

تعداد:50000 شیٹس

ٹینڈر حوالہ نمبر:PR-21010049

NCR پیپر وائٹ CFB، سائز 50،18x23 گرام

تعداد:100000 شیٹس

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: یکم دسمبر 2021ء

برائے رابطہ: جنرل منیجر پروکیورمنٹ، سپلائی چین مینجمنٹ بلڈنگ، پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن، ہیڈ آفس، کراچی۔

فون:021-99043304

ٹینڈر حوالہ نمبر:ISB-CNT-Paper-21

پیپر A4 سائز، 70 گرام، تعداد:2000 پیکٹ

پیپر A4 سائز، 80 گرام، تعداد 1500 پیکٹ

پیپر لیگل سائز، 70 گرام، تعداد 250 پیکٹ

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:29 نومبر 2021ء

برائے رابطہ: سپلائی چین مینجمنٹ ڈپارٹمنٹ، BBI ایئرپورٹ روڈ، اسلام آباد۔

فون:051-9280920

## SME بینک کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:24 نومبر 2021ء

برائے رابطہ: ٹینڈر سیکشن، ہیڈ آفس، 56-F، ناظم الدین روڈ، بلیو ایریا، اسلام آباد۔

فون: 051-9217000EXT:323

## COMSATS یونیورسٹی کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:CUI/Proc/TN(137)11-12/137

ڈگری فولڈر کی پرنٹنگ اور سپلائی

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:25 نومبر 2021ء

برائے رابطہ: پروکیورمنٹ آفس، دوسری منزل، فیکلٹی بلاک -2، پارک روڈ، اسلام آباد۔

فون:051-90495154-90495122

## ایگریکلچر اینڈ میٹ کمپنی کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:29 نومبر 2021ء

برائے رابطہ: منیجر، ایڈمنسٹریشن، 18-KM، ملتان روڈ، لاہور۔

فون:33-042-35971430

## پارکنگ کمپنی کو پرنٹنگ کی خدمات درکار

پارکنگ ٹکٹ کی پرنٹنگ

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:29 نومبر 2021ء

برائے رابطہ: منیجر، ایچ آر اینڈ ایڈمنسٹریشن، ساتویں منزل، ارفعہ سوفٹ ویئر ٹیکنالوجی پارک، 346-B، فیروز پور روڈ، لاہور۔

فون:4-042-35972173

## ہائی کورٹ کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ڈائریز، وال کیلنڈر اور ٹیبل کیلنڈر کی پرنٹنگ اور سپلائی

(بڑی مقدار میں)

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:29 نومبر 2021ء

برائے رابطہ: اسسٹنٹ رجسٹرار پروکیورمنٹ، لاہور۔

## ہیومن رائٹس ڈپارٹمنٹ کا اسٹیشنری و پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:26 نومبر 2021ء

برائے رابطہ: کیئر ٹیکر آف ڈپارٹمنٹ، دوسری منزل نیشنل ٹاور، 28-ایگرٹن روڈ، لاہور۔

فون:042-99203626

## بلوچستان یونیورسٹی کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:30 نومبر 2021ء

برائے رابطہ: اسسٹنٹ ڈائریکٹر پروکیورمنٹ، Takatu کیمپس، ایئرپورٹ روڈ، بلیلی، کوئٹہ۔

فون: 081-2881036-2880410

EXT:602-686

## یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:2 دسمبر 2021ء

برائے رابطہ: فنانس ڈپارٹمنٹ، کمرہ نمبر 9، خیابان جامعہ پنجاب، لاہور۔

فون:9-042-99231304

## گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:6 دسمبر 2021ء

برائے رابطہ: کالج آفس، وحدت روڈ، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔

فون: 042-99239386-99260042

# فیڈریشن انتخابات: یو بی جی نے بھرپور تیاریاں شروع کر دی ہیں، ایس ایم منیر

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) یونائیٹڈ بزنس گروپ (یو بی جی) کے سرپرست اعلیٰ ایس ایم منیر نے یو بی جی سندھ زون کے تمام ممبران کور کمیٹی کو 30 دسمبر 2021 کو ہونے والے ایف پی سی سی آئی الیکشن کے لیے بھرپور تیاریاں کرنے اور ایف پی سی سی آئی کے ووٹرز سے رابطوں کی ہدایت کر دی ہے۔ 11 نومبر کو چیئرمین یو بی جی، سندھ زون خالد تواب کی رہائشگاہ پر ہونے والے یو بی جی سندھ کور کمیٹی کے اجلاس میں ایس ایم منیر نے کہا کہ یو بی جی کی قیادت اجتماعی فیصلوں پر یقین رکھتی ہے، گروپ کو 90 فیصد تاجر برادری کا اعتماد حاصل ہے، یو بی جی کور کمیٹی جن امیدواروں کو بھی نامزد کرے گی وہ ایف پی سی سی آئی کے آئندہ انتخابات میں کامیابی حاصل کر کے اور تاجر برادری کے مسائل حل کریں گے، ہماری کوشش ہے کہ ہم فیڈریشن فیڈریشن کی بقاء اور سلامتی کے لیے ووٹرز سے انفرادی رابطے کریں۔ یو بی جی کے مرکزی ترجمان گلزار فیروز کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق یو بی جی کور کمیٹی سندھ کے اجلاس میں صدر یو بی جی زبیر طفیل، خالد تواب، مرزا اختیار بیگ، حنیف گوہر، عبدالسمیع خان، ممتاز شیخ، شاہین الیاس سروانہ، شکیل احمد ڈھینگڑا، غضنفر علی خان، دانش خان، ملک خدا بخش، احمد چنائے، عمر ریحان، اکرام راجپوت، نور احمد خان، جاوید اقبال، عبدالخالق جعفرانی، ناہید مسعود، رضوانہ شاہد، فرزانہ برنی اور دیگر شریک تھے۔ ایس ایم منیر نے بتایا کہ چاروں صوبوں کی کور کمیٹیوں نے آئندہ فیڈریشن چیمبر الیکشن میں نائب صدور کے عہدوں کے لیے امیدواروں کے ناموں پر غور شروع کر دیا ہے سرپرست اعلیٰ یو بی جی نے سندھ میں یو بی جی کی انتخابی مہم کے لیے جاری کوششوں پر اطمینان کا اظہار کیا اور کہا کہ میاں محمد ادریس نے پنجاب اور تنویر احمد شیخ نے سدرن پنجاب میں یو بی جی کے حامی ووٹرز کے ساتھ کامیاب میٹنگز کیں اور تمام لوگوں نے یو بی جی کی بھرپور حمایت کا اعادہ کیا۔ ایس ایم منیر نے کہا کہ یونائیٹڈ بزنس گروپ فیڈریشن الیکشن جیت کر تاجر دوست ماحول کو فروغ دینے کے اقدامات کرے گا تاکہ حکومت اور چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے درمیان فاصلوں کو کم سے کم کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ تاجر برادری حکومت کو ہر قسم کا تعاون فراہم کرنے پر تیار ہے، بڑھتے ہوئے افراط زر کے مسئلے پر پیداوار میں اضافہ کر کے اور غیر ضروری اخراجات کو کم کر کے بھی حل کیا جا سکتا ہے جبکہ ہم حکومت کو مہنگائی میں کمی کے لیے بھی موثر تجاویز پیش کریں گے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# انڈونیشیا میں پلپ انڈسٹری بحران اور قبائلی تنازعات (حصہ اول)

تحریر: نوید مرزا

